دفتر برائے تعلقات عامہ ومیڈیا کوآرڈی نیشن

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

پریس ریلیز

24 اکتوبر، 2018

# جامعہ کی پروفیسر کو نائب صدر جمہوریہ نے ایوارڈ سے نوازا

نئی دہلی: جامعہ ملیہ اسلامیہ انٹرڈسپلنری ریسرچ ان بیسک سائنس کی اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر شمع پروین کو ممتاز خواتین سائنسی ایوارڈ 2018 سے نوازا گیا۔ ان کو یہ ایوارڈ نائب صدر جمہوریہ ہند شری ایم وینکیا نائڈو نے اپنے ہاتھوں سے نوازا 23 اکتوبر کو نوازا جس میں ایک لاکھ روپئے نقد کے علاوہ توصیفی سند بھی شامل ہے۔

ڈاکٹر پروین نے سالماتی حیاتیات تحقیق کے میدان میں کام کیا ہے۔ جس کے مطابق ڈینگو، ذکار، انفلو ینز اور سانس سے متعلقہ وائرس کی تشخیص اور علاج آسان ہوگا۔ شمع پروین کی تحقیقی کاوشوں کو دنیا کے کئی معتبر سائنسی جریدوں میں جگہ مل چکی ہے۔

یہ ایوارڈ جامعہ ہمدرد کے بانی اور معروف حکیم عبدالحکیم کی بیوی سعیدہ بیگم کی یاد میں دیا جاتا ہے۔ اس ایوارڈ کے ذریعہ ملک کے اقلیتی اداروں میں تحقیق وتدوین میں نمایاں کام کرنے والی خواتین سائنسدانوں کے قابل ذکر تعلیمی کاموں کی حوصلے افزائی کی جاتی ہے۔

جاری کردہ

احمد عظیم

پی آر او اینڈ میڈیا کوآرڈینیٹر

جامعہ ملیہ اسلامیہ

نئی دہلی

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com